© rasailojaraid.com



نقشے بھی دے دیئے گئے ہیں جس سے افادیت بڑھ گئی ہے۔

**تحفۂ گیارھویں صفحات ۲۴**
**رسالۂ عقیقہ ؍؍ ۸** مرتبہ مولانا علی احمد صاحب زاہد۔ جبلپوری۔

ناشر:۔ ادارہ تبلیغ الاسلام کراچی۔

پتہ:۔ ڈاکٹر احسان علوی ڈینٹل سرجن ناظم ادارہ مذکور۔ آرام باغ روڈ۔ کراچی نمبر ۱

موجودہ مادی دور کی نفسانفسی میں مسلمان تبلیغ دین میں بہت سست ہوتے جارہے ہیں۔ تاہم اللہ تعالےٰ کے کچھ مخلص بندے ایسے موجود ہیں جن کو یہ دھن ہے ــــ مولانا زاہد صاحب اور ڈاکٹر احسان صاحب علوی ایسے ہی خوش نصیب لوگوں سے ہیں جن کو اللہ تعالےٰ نے اس کی توفیق دی ہوئی ہے چنانچہ تبلیغی سلسلے کے ایک دو نہیں بلکہ متعدد رسالے یہ شائع کر چکے ہیں۔

تحفۂ گیارہویں میں شیخ عبد القادر صاحب جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے مختصر سے صحیح حالات۔ پھر قدرے ان کے اصلاحی ملفوظات ذکر کئے گئے ہیں۔ اور ضمناً ان غلطیوں کی طرف متوجہ کیا گیا ہے جس میں عوام الناس ناواقفیت کی وجہ سے مبتلا ہیں۔

دوسرے رسالہ میں "عقیقہ" کے ان مسائل کا بیان ہے جو سنتِ نبوی سے ثابت ہیں اور رسوماتِ مروجہ کی تردید کی گئی ہے۔

ڈاکٹر صاحب موصوف کی خدمت میں عرض ہے کہ طباعت کا معیار ہر حیثیت سے اگر اونچا کر دیا جائے تو اس کی افادیت بڑھ جائے گی۔

اول الذکر رسالہ مفت اور دوسرا دو آنے کے ٹکٹ بھیجنے پر پتہ مذکور سے مل سکتا ہے۔ (ع۔ر)



# مطبوعات المکتبۃ السلفیۃ لاہور

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن نسائی شریف عربی مع التعلیقات السلفیہ | -/-/۴۰ | دیوان حماسہ بحاشیہ | |
| حیات امام احمد بن حنبل مجلد (طبع دوم) | -/-/۱۰ | مولانا اعزاز علی مرحوم (عربی) | -/-/۱۲ |
| حیات شاہ ولی اللہ دہلوی مجلد | -/-/۶ | اصول تفسیر اردو (از ابن تیمیہ) | -/۱۲/- |
| الفوز الکبیر عربی ٹائپ (زیر طبع) | -/-/۳ | پیارے رسول کی پیاری دعائیں | -/۸/- |



© rasailojaraid.com